www.deenekhalis.com

# قرآنی دعائیں

جو اللہ تعالیٰ نے
ہمیں سکھائیں۔
(الحمد للہ)

وَلَمْ أَكُنْ
بِدُعَآئِكَ
رَبِّ
شَقِيًّا

القرآن
سورہ مریم: ۴

اور میں نہیں رہا تجھ سے
دُعا مانگ کر اے میرے
ربّ کبھی (بھی) محرُوم

وَمَن يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَل لَّهُ مَخْرَجًا
وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ
وَمَن يَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهُ
إِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ أَمْرِهِ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ
لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ؁

اور جو شخص اللہ سے ڈرتا ہے۔ اللہ اسکے لئے چھٹکارے کی شکل نکال دیتا ہے۔ اور اُسے ایسی جگہ سے رزق دیتا ہے جس کا اُسے گمان بھی نہ ہو۔ اور جو شخص اللہ پہ توکل کریگا اللہ اُسے کافی ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کا ایک اندازہ مقرر کر رکھا ہے۔ (سورۃ الطلاق پ ۲۸ آیت ۲-۳)



## اللہ تعالیٰ دعا کرنیوالوں کے قریب ہیں

وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ
أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ ۝١٨٦
(البقرہ ۲)

اے میرے پیارے محمد ﷺ جب میرے بندے میرے متعلق آپ سے سوال کریں تو میں تو قریب ہی ہوں۔ دعا کرنے والے کی دعا قبول کرتا ہوں جب وہ مجھ سے دعا کرتا ہے۔

## صرف اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۶۲﴾ (النمل ۲۷)

بھلا کون بے قرار کی التجا قبول کرتا ہے جب وہ اس سے دعا کرتا ہے اور (کون اسکی) تکلیف کو دور کرتا ہے اور (کون) تمکو زمین میں (اگلوں کا) جانشین بناتا ہے (یہ سب کچھ خدا کرتا ہے) تو کیا خدا کیساتھ کوئی اور معبود ہے ؟ (ہرگز نہیں مگر) تم بہت کم غور کرتے ہو۔



## حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے خطاب

وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۷﴾

(الانعام ۶)

اور خدا تم کو کوئی سختی پہنچائے تو اسکے سوا اس کو دور کرنے والا نہیں اور اگر نعمت (و راحت) عطا کرے تو (کوئی اسکو روکنے والا نہیں) وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

## اللہ تعالیٰ کسی کو مایوس نہیں کرتا

(حضرت زکریا علیہ السلام کی دعاء)

وَلَمْ اَكُنْ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ﴿۴﴾ (مریم ۱۹)

اور اے میرے پروردگار میں تجھ سے مانگ کر کبھی محروم نہیں رہا۔

## طلب ہدایت اور پریشانیوں سے نجات کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ○ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ○ (آمین) (الفاتحہ ۱)

شروع اللہ کے نام لیکر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

سب طرح کی تعریف خدا ہی کو (سزاوار) ہے جو تمام مخلوقات کا پروردگار ہے۔ بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ انصاف کے دن کا حاکم (اے پروردگار) ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں ہم کو سیدھے رستے چلا ان لوگوں کے رستے جن پر تو اپنا فضل و کرم کرتا رہا نہ ان کے جن پر غصہ ہوتا رہا اور نہ گمراہوں کے (آمین)



## اعمال اور ہدایت کی درخواست

(حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا)

رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝ (البقرہ ۱۲۸)

اے پروردگار ہم کو اپنا فرمانبردار بنائے رکھیو۔ اور ہماری اولاد میں سے بھی ایک گروہ کو اپنا مطیع بناتے رہیو اور (پروردگار) ہمیں ہمارے طریق عبادت بتا اور ہمارے حال پر (رحم کے ساتھ) توجہ فرما۔ بیشک تو توجہ فرمانے والا مہربان ہے۔

## دنیا اور آخرت کی بھلائی کیلیے دعا

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۲۰۱﴾ (البقرۃ)

پروردگار ہم کو دنیا میں بھی نعمت عطا فرما اور آخرت میں بھی نعمت بخشیو اور دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھیو۔

## ثابت قدمی کی دعا

رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ ﴿۲۵۰﴾ (البقرۃ)

اے پروردگار ہم پر صبر کے دہانے کھول دے اور ہمیں (لڑائی میں) ثابت قدم رکھ اور (لشکر) کفار پر فتح یاب کر۔



## بھول چوک سے درگزر کی التجاء

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِیْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَیْنَآ اِصْرًا کَمَا حَمَلْتَہٗ عَلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَۃَ لَنَا بِہٖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ ﴿۲۸۶﴾ (البقرۃ)

اے پروردگار اگر ہم سے بھول یا چوک ہو گئی ہو تو ہم سے مواخذہ نہ کیجیو۔ اے پروردگار ہم پر ایسا بوجھ نہ ڈالیو جیسا تو نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا۔ اے پروردگار جتنا بوجھ اٹھانے کی ہم میں طاقت نہیں اتنا ہمارے سر پر نہ رکھیو۔ اور (اے پروردگار) ہمارے گناہوں سے درگزر کر ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما تو ہی ہمارا مالک ہے اور ہم کو کافروں پر غالب کر (آمین)

## شیطانی وسوسوں سے بچاؤ کی دعا

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا
مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً ۚ إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ ⑧
رَبَّنَا إِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَا رَيْبَ فِيهِ ۚ
إِنَّ اللَّهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيعَادَ ⑨ (ال عمران ۳)

اے ہمارے پروردگار جب تو نے ہمیں ہدایت بخشی ہے تو اسکے بعد ہمارے دلوں میں کجی نہ پیدا کر دینا اور ہمیں اپنے ہاں سے نعمت عطا فرما تو تو بڑا عطا فرمانے والا ہے اے پروردگار تو اس روز جس کے آنے میں کوئی بھی شک نہیں سب لوگوں کو (اپنے حضور میں) جمع کرے گا۔ بیشک اللہ خلاف وعدہ نہیں کرتا۔



## اہلِ ایمان کی عرض

رَبَّنَا إِنَّنَا آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا
وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ⑯ (ال عمران ۳)

اے ہمارے پروردگار ہم ایمان لے آئے سو ہم کو ہمارے گناہ معاف فرما اور دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھ۔

## طلبِ نیک اولاد کی دعا

(حضرت زکریا علیہ السلام کی دعا)

رَبِّ هَبْ لِي مِنْ لَدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ
إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ ㊳ (ال عمران ۳)

اے پروردگار مجھے اپنی جناب سے اولاد صالح عطا فرما تو بیشک دعا سننے والا (اور قبول کرنے) والا ہے۔

## اظہار بندگی کی دعا

(حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں کی دعا)

رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ
فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۵۳﴾ (ال عمران ۳)

اے پروردگار جو (کتاب) تو نے نازل فرمائی ہے ہم اس پر ایمان لے آئے اور (تیرے) پیغمبر کے متبع ہو چکے تو ہم کو ماننے والوں میں لکھ رکھ۔

## لغزشوں پر ندامت

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ
اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۷﴾ (ال عمران ۳)

اے پروردگار ہمارے گناہ اور زیادتیاں جو ہم اپنے کاموں میں کرتے رہے ہیں معاف فرما اور ہم کو ثابت قدم رکھ اور کافروں پر فتح عنایت کر۔



## نیک عاقبت کی گزارش

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا
عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۹۱﴾ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ
فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۱۹۲﴾
رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا
بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ڰ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ
عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ﴿۱۹۳﴾ رَبَّنَا وَاٰتِنَا
مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰي رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ
اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۱۹۴﴾ (ال عمران ۳)

## نیک عاقبت کی گزارش

اے پروردگار تو نے اس (مخلوق) کو بے فائدہ نہیں پیدا کیا تو پاک ہے۔ (تو قیامت کے دن) ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچائیو۔ اے پروردگار جس کو تو نے دوزخ میں ڈالا۔ اسے رسوا کیا اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔ اے پروردگار ہم نے ایک ندا کرنے والے کو سنا کہ ایمان کیلئے پکار رہا تھا (یعنی) اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ تو ہم ایمان لے آئے۔ اے پروردگار ہمارے گناہ معاف فرما۔ اور ہماری برائیوں کو ہم سے محو کر اور ہم کو دنیا سے نیک بندوں کے ساتھ اٹھا۔ اے پروردگار تو نے جن جن چیزوں کے ہم سے اپنے پیغمبروں کے ذریعے سے وعدے کئے ہیں وہ ہمیں عطا فرما اور قیامت کے دن ہمیں رسوا نہ کیجیو کچھ شک نہیں کہ تو خلاف وعدہ نہیں کرتا۔



## ظالموں سے نجات کیلئے مدد کی درخواست

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۚ وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ۝٧٥ (النساء ۴)

اے پروردگار ہم کو اس شہر سے جس کے رہنے والے ظالم ہیں نکال کر کہیں اور لے جا۔ اور اپنی طرف سے کسی کو ہمارا حامی بنا اور اپنی ہی طرف سے کسی کو ہمارا مددگار مقرر فرما۔

## اقرار ایمان

رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۝٨٣

وَنَطْمَعُ اَنْ يُّدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِيْنَ ۝٨٤ (المائدہ ۵)

اے پروردگار ہم ایمان لے آئے تو ہم کو ماننے والوں میں لکھ لے اور ہم امید رکھتے ہیں کہ پروردگار ہم کو نیک بندوں کے ساتھ (بہشت میں) داخل کریگا۔

## بری صحبت سے پناہ

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤٧﴾

(الاعراف ۷)

اے ہمارے پروردگار ہم کو ظالم لوگوں کے ساتھ شامل نہ کیجیو۔

## اظہار ندامت

(آدم علیہ السلام اور اماں حوا کی دعا)

رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا ٚ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا
وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٢٣﴾

(الاعراف ۷)

پروردگار ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور اگر تو ہمیں نہیں بخشے گا اور ہم پر رحم نہیں کرے گا تو ہم تباہ ہو جائیں گے۔



## دعائے استقامت

رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ﴿١٢٦﴾

(الاعراف ۷)

اے پروردگار ہم پر استقامت کے دہانے کھول دے اور ہمیں (ماریو تو) مسلمان ہی ماریو۔

## غلط سوال پر معافی کی طلب

(حضرت نوح علیہ السلام کی دعا)

رَبِّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَسْــَٔلَكَ مَا لَيْسَ
لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ۭ وَاِلَّا تَغْفِرْ لِيْ وَتَرْحَمْنِيْٓ
اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٤٧﴾ (هود ۱۱)

پروردگار میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں کہ ایسی چیز کا تجھ سے سوال کروں جس کی حقیقت مجھے معلوم نہیں اور اگر تو مجھے نہیں بخشے گا اور مجھ پر رحم نہیں کریگا تو میں تباہ ہو جاؤنگا۔

## اللہ کی فرمانبرداری میں دنیا سے رخصت کی درخواست

(حضرت یوسف علیہ السلام کی دعا)

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِیْ
مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۰۱﴾ (یوسف ۱۲)

اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے تو ہی دنیا اور آخرت میں میرا کارساز ہے تو مجھے (دنیا سے) اپنی اطاعت (کی حالت) میں اٹھائیو۔ اور آخرت میں اپنے نیک بندوں میں داخل کیجیو۔



## اپنی اور اپنی اہل وعیال کیلئے دعا

(حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا)

رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ
رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ﴿۴۰﴾ رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ
وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ ﴿۴۱﴾ (ابراہیم ۱۴)

اے پروردگار مجھ کو (ایسی توفیق عنایت) کر کہ نماز پڑھتا رہوں اور میری اولاد کو بھی (یہ توفیق بخش) اے پروردگار میری دعا قبول فرما، اے پروردگار حساب (کتاب) کے دن مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور مومنوں کی مغفرت کیجیو۔

## کام کی درستگی کی دعا

(اصحاب کہف کی دعاء)

رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا
مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ﴿۱۰﴾ (الکھف ۱۸)

اے ہمارے پروردگار ہم پر اپنے ہاں سے رحمت نازل فرما اور ہمارے کام میں درستگی (کے سامان) مہیا کر۔

## طلب علم

(حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعاء)

رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿۲۵﴾ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ﴿۲۶﴾
وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿۲۷﴾ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿۲۸﴾
(طٰہٰ ۲۰)

اے پروردگار (اس کام کیلئے) میرا سینہ کھول دے اور میرا کام آسان کردے اور میری زبان کی گرہ کھول دے تاکہ وہ میری بات سمجھ لیں۔



## اللہ کی تعریف اور ندامت

(حضرت یونس علیہ السلام کی دعاء)

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ
اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۷﴾
(الانبیاء ۲۱)

تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے (اور) بیشک میں قصوروار ہوں۔

## طلب اولاد کی دعاء

(حضرت زکریا علیہ السلام کی دعا)

رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۸۹﴾
(الانبیاء ۲۱)

اے پروردگار مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور تو سب سے بہتر وارث ہے۔

## شیطان کے مکر وفریب سے پناہ

رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ﴿٩٧﴾

وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ﴿٩٨﴾

(المومنون ۲۳)

اے پروردگار میں شیطانوں کے وسوسوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور اے پروردگار اس سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں کہ وہ میرے پاس آموجود ہوں۔

## بخشش کی دعاء

رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ

خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿١٠٩﴾ (المومنون ۲۳)

اے ہمارے پروردگار ہم ایمان لائے تو تو ہم کو بخش دے اور ہم پر رحم کر اور تو سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے۔



## بخشش کی دعاء

رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ

خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿١١٨﴾ (المومنون ۲۳)

اے میرے پروردگار مجھے بخش دے اور (مجھ پر) رحم کر اور تو سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے۔

## عذاب جہنم سے پناہ

رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ اِنَّ عَذَابَهَا

كَانَ غَرَامًا ﴿٦٥﴾ اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿٦٦﴾

(الفرقان ۲۵)

اے پروردگار دوزخ کے عذاب کو ہم سے دور رکھیو کہ اس کا عذاب بڑی تکلیف کی چیز ہے اور ٹھہرنے اور رہنے کی بہت بری جگہ ہے۔

## بیوی اور اولاد کے نیک ہونے کیلئے دعاء

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ إِمَامًا ﴿۷۴﴾

(الفرقان ۲۵)

اے پروردگار ہم کو ہماری بیویوں کی طرف سے (دل کا چین) اور اولاد کی طرف سے آنکھ کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں پرہیزگاروں کا امام بنا۔

## علم میں برکت کی دعاء

رَّبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا ﴿۱۱۴﴾ (طٰہٰ ۲۰)

میرے پروردگار مجھے اور زیادہ علم دے۔



## شکر اور نیکی کی طلب

(حضرت سلیمان علیہ السلام کی دعاء)

رَبِّ أَوْزِعْنِیْٓ أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْٓ أَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَأَدْخِلْنِیْ بِرَحْمَتِكَ فِیْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۹﴾

(النمل ۲۷)

اے پروردگار مجھے توفیق عنایت کر کہ جو احسان تو نے مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کئے ہیں انکا شکر کروں اور ایسے نیک کام کروں کہ تو ان سے خوش ہو جائے اور مجھے اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں داخل فرما۔

## انجام بخیر کی دعاء

(حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعاء)

وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝
وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ ۝ وَاغْفِرْ
لِاَبِيْٓ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الضَّاۗلِّيْنَ ۝ وَلَا
تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ۝ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ
مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ۝ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ
سَلِيْمٍ ۝ (الشعراء ۲۶)



اور پچھلے لوگوں میں میرا ذکر نیک (جاری) کر اور مجھے نعمت کی بہشت کے وارثوں میں کر اور میرے باپ کو بخش دے بیشک وہ گمراہوں میں سے ہے اور جس دن لوگ اٹھا کھڑے کئے جائیں گے مجھے رسوا نہ کیجیو جس دن نہ مال ہی کچھ فائدہ دے سکے گا اور نہ بیٹے۔ ہاں جو شخص خدا کے پاس پاک دل لے کر آیا (وہ بچ جائے گا)۔

## آپس میں محبت واخوت

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا
بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٠﴾ (الحشر ٥٩)

اے پروردگار ہمارے اور ہمارے بھائیوں کے جو ہم سے پہلے ایمان لائے ہیں گناہ معاف فرما اور مومنوں کی طرف سے ہمارے دل میں کینہ (وحسد) نہ پیدا ہونے دے اے ہمارے پروردگار تو بڑا شفقت کرنے والا مہربان ہے۔

## صالح اولاد کی طلب

(حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعاء)

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٠٠﴾ (الصّٰفّٰت ٣٧)

اے پروردگار مجھے (اولاد) عطا فرما (جو) سعادتمندوں میں سے ہو۔



## فتنہ سے بچنے کی دعاء

(حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعاء)

رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿٤﴾
رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا
اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٥﴾ (الممتحنۃ ٦٠)

اے ہمارے پروردگار تجھی پر ہمارا بھروسہ ہے اور تیری ہی طرف ہم رجوع کرتے ہیں اور تیرے ہی حضور میں (ہمیں) لوٹ کر آنا ہے اے ہمارے پروردگار ہم کو کافروں کے ہاتھ سے عذاب نہ دلانا اور اے ہمارے پروردگار ہمیں معاف فرما بے شک تو غالب حکمت والا ہے۔

## استغفار کرنے اور ظالم لوگوں سے بچنے کی تدبیر

(حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعاء)

رَبِّ نَجِّنِیۡ مِنَ الۡقَوۡمِ الظّٰلِمِیۡنَ ﴿۲۱﴾ (القصص ۲۸)

اے پروردگار مجھے ظالم لوگوں سے نجات دے۔

## نیکیوں پر استقامت

رَبَّنَاۤ اَتۡمِمۡ لَنَا نُوۡرَنَا وَ اغۡفِرۡ لَنَا

اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ﴿۸﴾ (التحریم ۶۶)

اے پروردگار ہمارا نور ہمارے لئے پورا کر اور ہمیں معاف فرما بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے۔



## ندامت اور مغفرت کیلئے

(حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعاء)

رَبِّ اِنِّیۡ ظَلَمۡتُ نَفۡسِیۡ فَاغۡفِرۡ لِیۡ ﴿۱۶﴾ (القصص ۲۸)

اے پروردگار میں نے اپنے آپ پر ظلم کیا تو مجھے بخش دے۔

## ضرورت کی دعا

رَبِّ اِنِّیۡ لِمَاۤ اَنۡزَلۡتَ اِلَیَّ مِنۡ خَیۡرٍ فَقِیۡرٌ ﴿۲۴﴾

(القصص ۲۸)

پروردگار میں اسکا محتاج ہوں کہ تو مجھ پر اپنی نعمت نازل فرما۔

## بیماری کی حالت میں پڑھنے کی دعاء

(حضرت ایوب علیہ السلام کی دعاء)

مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۝

(الانبیاء ۲۱)

(اے رب) مجھے ایذا ہو رہی ہے اور تو سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔

## ماں وباپ پر رحمت کیلئے دعا

رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ۝ (بنی اسرائیل ۱۷)

اے پروردگار جیسا انہوں نے (والدین) مجھے بچپن میں (شفقت سے) پرورش کی ہے تو بھی ان (کے حال) پر رحم فرما۔



## جادو و شیطانی وسوسوں سے بچاؤ کی دعاء

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝ (الفلق ۱۱۳)

شروع اللہ کا نام لیکر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

کہو کہ میں صبح کے مالک کی پناہ مانگتا ہوں ہر چیز کی برائی سے جو اس نے پیدا کی اور شب تاریک کی برائی سے جب اسکا اندھیرا چھا جائے اور گنڈوں پر (پڑھ پڑھ کر) پھونکنے والیوں کی برائی سے اور حسد کرنے والے کی برائی سے جب حسد کرنے لگے۔

## شیطان اور انسان کے وسوسوں سے اللہ کی پناہ کی دعاء

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴿۱﴾ مَلِكِ النَّاسِ ﴿۲﴾ اِلٰهِ
النَّاسِ ﴿۳﴾ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ﴿۴﴾
الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ﴿۵﴾
مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿۶﴾ (الناس ۱۱۴)

شروع اللہ کا نام لیکر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

کہو کہ میں لوگوں کے پروردگار کی پناہ مانگتا ہوں (یعنی) لوگوں کے حقیقی بادشاہ کی لوگوں کے معبود بر حق کی (شیطان) وسوسہ انداز کی برائی سے جو (اللہ کا نام سنکر) پیچھے ہٹ جاتا ہے جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتا ہے (خواہ وہ) جنات سے ہو یا انسانوں میں سے۔


| نمبر شمار | دعا | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | اللہ تعالیٰ دعا کرنیوالوں کے قریب ہیں | ۱ |
| ۲ | صرف اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ | ۲ |
| ۳ | حضرت محمد ﷺ سے خطاب | ۳ |
| ۴ | اللہ تعالیٰ کسی کو مایوس نہیں کرتا | ۳ |
| ۵ | طلب ہدایت اور پریشانیوں سے نجات کی دعا | ۴ |
| ۶ | اعمال اور ہدایت کی درخواست | ۵ |
| ۷ | دنیا اور آخرت کی بھلائی کیلئے دعا | ۶ |
| ۸ | ثابت قدمی کی دعا | ۶ |
| ۹ | بھول چوک سے درگزر کی التجاء | ۷ |
| ۱۰ | شیطانی وسوسوں سے بچاؤ کی دعا | ۸ |
| ۱۱ | اہل ایمان کی عرض | ۹ |
| ۱۲ | طلب نیک اولاد کی دعا | ۹ |

| نمبر شمار | دعا | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۳ | اظہار بندگی کی دعا | ۱۰ |
| ۱۴ | لغزشوں پر ندامت | ۱۰ |
| ۱۵ | نیک عاقبت کی گزارش | ۱۱ |
| ۱۶ | نیک عاقبت کی گزارش | ۱۲ |
| ۱۷ | ظالموں سے نجات کیلئے مدد کی درخواست | ۱۳ |
| ۱۸ | اقرار ایمان | ۱۳ |
| ۱۹ | بری صحبت سے پناہ | ۱۴ |
| ۲۰ | اظہار ندامت | ۱۴ |
| ۲۱ | دعائے استقامت | ۱۵ |
| ۲۲ | غلط سوال پر معافی کی طلب | ۱۵ |
| ۲۳ | اللہ کی فرمانبرداری میں دنیا سے رخصت کی درخواست | ۱۶ |
| ۲۴ | اپنی اور اپنی اہل وعیال کیلئے دعا | ۱۷ |
| ۲۵ | کام کی درستگی کی دعا | ۱۸ |
| ۲۶ | طلب علم | ۱۸ |
| ۲۷ | اللہ کی تعریف اور ندامت | ۱۹ |
| ۲۸ | طلب اولاد کی دعاء | ۱۹ |
| ۲۹ | شیطان کے مکروفریب سے پناہ | ۲۰ |
| ۳۰ | بخشش کی دعاء | ۲۰ |
| ۳۱ | بخشش کی دعاء | ۲۱ |
| ۳۲ | عذاب جہنم سے پناہ | ۲۱ |
| ۳۳ | بیوی اور اولاد کے نیک ہونے کیلئے دعاء | ۲۲ |
| ۳۴ | علم میں برکت کی دعاء | ۲۲ |
| ۳۵ | شکر اور نیکی کی طلب | ۲۳ |
| ۳۶ | انجام بخیر کی دعاء | ۲۴-۲۵ |

| نمبر شمار | دعا | صفحہ |
|---|---|---|
| ۳۷ | آپس میں محبت واخوت | ۲۶ |
| ۳۸ | صالح اولاد کی طلب | ۲۶ |
| ۳۹ | فتنہ سے بچنے کی دعاء | ۲۷ |
| ۴۰ | استغفار کرنے اور ظالم لوگوں سے بچنے کی تدبیر | ۲۸ |
| ۴۱ | نیکیوں پر استقامت | ۲۸ |
| ۴۲ | ندامت اور مغفرت کیلئے | ۲۹ |
| ۴۳ | ضرورت کی دُعا | ۲۹ |
| ۴۴ | بیماری کی حالت میں پڑھنے کی دعاء | ۳۰ |
| ۴۵ | ماں وباپ پر رحمت کیلئے دعا | ۳۰ |
| ۴۶ | جادو و شیطانی وسوسوں سے بچاؤ کی دعاء | ۳۱ |
| ۴۷ | شیطان اور انسان کے وسوسوں سے اللہ کی پناہ کی دعاء | ۳۲ |